# MODEL QUESTION PAPER2013 - 2014

## URDU GENERAL

## Class X دسویں

TIME : 3 Hours | M.M. 100

نوٹ:- سبھی سوالات کے جواب لکھنا لازمی ہے۔

جواب صاف اور خوش خط ہوں

تمام سوالات کے سامنے نمبر درج ہیں

سوال1- صحیح جوابات چن کر لکھیے 5

(i) پورن مل نے پڑھنے کی ضد کی۔ (اردو، عربی، انگریزی، ہندی)

(ii) آگے میری ضرورت نہیں رہی ہے تو نکال دیجیے مگر یوں ذلیل کر کے تو نہ نکالیے کس نے کہا۔
(لڑکے نے، مصنف نے، نوکر نے، چوزے نے)

(iii) ان صورتوں میں سے جو تمہاری صورت ہوتی ویسی ہی تمہاری قدر بھی کی جاتی کس نے جواب دیا۔
(چوزے نے، مصنف نے، لڑکے نے، نوکر نے)

(iv) احمد جمال پاشا کے تنقیدی مضامین کا نام ہے۔
(اندیشۂ شہر، چشم حیراں، ظرافت اور تنقید، لذت آزار)

(v) اجنتا کے غار پرانے ہیں۔ (آٹھ سو سال، بائیس سال، سو سال، پانچ سو سال)

سوال2- درج ذیل کی مناسب جوڑیاں بنائیے۔ 5

| | (الف) | (ب) |
|---|---|---|
| (i) | اجنتا اور ایلورا | عبادت |
| (ii) | استوپ | مشہور چینی سیاح |
| (iii) | بھکشو | مہاراشٹر اورنگ آباد |
| (iv) | ہیون سانگ | مقدس بال اور بدھا کی راکھ |
| (v) | سکندر باغ | واجد علی شاہ |

سوال3- درج ذیل مصرعے صحیح ہیں یا غلط ان کی نشاندہی کر کے صحیح یا غلط کا نشان لگائیے۔ 5

(i) وہ جو ہم میں تم میں قرار تھا
تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو ( )

(ii) مجھے سب ہے یاد ذرا ذرا
تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو ( )

(III) وہ نئے گلے وہ شکایتیں
وہ مزے مزے کی حکایتیں ( )

(IV) کوئی بات اگر ذرا ہوتی
کہ تمہارے دل کو بری لگی ( )

(V) میں وہی ہوں مومن مبتلا
تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو ( )

سوال 4- درج ذیل مصرعوں کو دیے گئے الفاظ سے پُر کیجیے۔ 5

پیر، چادر، ضائع، اپنے، پہچان

(I) جہاں سے تنگ ہو.............................وہیں سمٹ جاؤ

(II) بہت زیادہ نہ تم.............................اپنے پھیلاؤ

(III) نہ کوئی چیز ہو.............................سمجھ کے خرچ کرو

(IV) سکھ شانتی اگر دنیا میں ہے.............................ہی گھر میں ملتا ہے

(V) ہم پر جان چھڑکنے والا.............................چڑھ جانے والا

سوال 5- ایک جملے میں جواب دیجیے۔ 5

(I) ہندوستان میں عربوں کی آمد کس صدی میں ہوئی؟

(II) ابتدا میں اردو کو کن کن ناموں سے جانا جاتا تھا؟

(III) اتر پردیش کی راجدھانی کا کیا نام ہے؟

(IV) اردو کو پھیلانے میں کن لوگوں نے حصہ لیا؟

(V) ہندوستان کا دارالسلطنت کیا ہے؟

سوال 6- چڑیا نے انڈے کیوں گرائے؟ 2

یا

پورن مل کس کا بیٹا تھا؟

سوال 7- مرزا غالب کا اخلاق کس طرح کا تھا؟ 2

یا

جوتے کس سے بنتے ہیں؟

سوال 8- ملا نصر الدین کو ہرفن مولا کیوں کہا جاتا ہے؟ 2

یا

انگریزوں نے کس نواب کو بادشاہ کا لقب دیا؟

سوال9- مرچ کی کیا خصوصیات ہیں جو سوکھنے کے بعد بھی باقی رہتی ہیں؟ 4

یا

مصنف نے جوتے کو لاثانی شئے کیوں کہا ہے؟

درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور نیچے لکھے سوالوں کے جواب لکھیے۔

ایلورا کے غار بنانے والوں کو اجنتا کے غاروں جیسا دلکش منظر تو نہ مل سکا تاہم قدرتی مناظر کے لحاظ سے یہ مقام بھی اچھا ہے۔ ایلورا میں کل ملا کر چونتیس غار ہیں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ایلورا کے غار بنانے والوں کے ہاتھ میں پتھر بھی موم ہو گیا تھا پتھر کو انھوں نے جس طرح چاہا تراشا، بنایا، سنوارا اور اپنے جذبے کی آنچ اس میں شامل کر دی۔ کیلاش کا مندر ایلورا کے غاروں کی جان ہے۔ یہ مندر راشٹر کوٹ کے راجا کرشنا کی سرپرستی میں بنا تھا۔

سوال10- اجنتا اور ایلورا کیا ہیں؟ 2

سوال11- ایلورا کے مندروں کی جان کیا ہے؟ 2

سوال12- کیلاش مندر کس راجا نے بنوایا تھا؟ 2

سوال13- درج ذیل میں سے کسی ایک مصنف کی سوانح حیات لکھیے۔ 4

(I) منشی پریم چند

(ii) خواجہ حسن نظامی

سوال14- درج ذیل اشعار میں سے کنہیں دو کی تشریح کیجیے۔ 4

(I)
ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش شراب کی سی ہے

(II)
ماں کی ممتا ہے ہمیشہ ایک سی
جب ملو گے اپنا بچپن پاؤ گے

(III)
میں اس لئے بھی تیرے فن کی قدر کرتا ہوں
بہت کٹھن ہے مگر تو نکال لیتا ہے

سوال15- شبنم کو کس چیز سے مثال دی گئی ہے؟ 2

یا

کام کو ادھورا کیوں نہیں چھوڑنا چاہیے؟

سوال16- ٹیگور کے کلام کو شاعر نے کس چیز سے مثال دی ہے؟ 2

یا

شاعر نے ماحول سے متعلق کیا کہا ہے؟

سوال17– شاعر کس بات کو بھول جانے کی بات کر رہا ہے؟

یا

شاعر کو پھول کے توڑے جانے پر کیوں افسوس ہے؟

سوال18– درج ذیل بند کو پڑھ کر نیچے لکھے سوالات کے جواب دیجیے؟ 4

آتا ہے یاد مجھ کو گزرا ہوا زمانہ
وہ باغ کی بہاریں وہ سب کا چہچہانا
آزادیاں کہاں اب وہ اپنے گھونسلے کی
اپنی خوشی سے آنا اپنی خوشی سے جانا

(i) پرندے کو کیا یاد آ رہا ہے؟

(ii) اس نظم کا عنوان اور شاعر کا نام لکھیے۔

یا

اک وقت میں صرف ایک ہی کام
پا سکتا ہے بہتری سے انجام
جب کام میں کام اور گھسیڑا
دونوں میں ہی پڑ گیا بکھیڑا

(i) ایک وقت میں کتنے کام کرنا چاہیے؟

(ii) کون سا کام بہتری سے ہو سکتا ہے؟

سوال19– اپنی کتاب کی کسی ایک نظم کی چار لائنیں لکھیے؟ 4

سوال20– ایک آدمی کو دوست کس نام سے چھیڑتے تھے؟ 2

یا

ایک آدمی نے کتاب کا نام کیا رکھا تھا؟

سوال21– لکھنؤ اسٹیشن کا نام چارباغ کیوں رکھا گیا؟ 2

یا

1857 کی بغاوت کس بادشاہ کے زمانے میں ہوئی؟

سوال22– کنہیں دو محاوروں کا مطلب لکھ کر جملوں میں استعمال کیجیے۔ 2

(i) عید کا چاند ہونا

(ii) لوہے کے چنے چبانا

(iii) لال پیلا ہونا

(iv) نو دو گیارہ ہونا

سوال23- کسی چار الفاظ کے مذکر مؤنث لکھیے۔ 4

بھائی، والد، چڑیا، لڑکی، بلی، بکرا

سوال24- تضاد کسے کہتے ہیں؟ 2

یا

ہم معنی الفاظ کسے کہتے ہیں؟

سوال25- درج ذیل الفاظ میں سے کسی پانچ کے واحد جمع لکھیے۔

کتاب، مکان، مدارس، عورتیں، شجر، فکر، افلاک، اوراق

سوال26- اپنی پرنسپل کو دو دن کی چھٹی لینے کے لیے درخواست لکھیے؟ 5

یا

اپنے دوست کو امتحان میں کامیاب ہونے پر مبارکباد کا خط لکھیے۔

سوال27- درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ 10

(i) موسم برسات

(ii) کوئی تہوار

(iii) قومی رہنما

سوال26- درج ذیل اقتباس کو پڑھیے اور سوالوں کے جواب دیجیے۔ 5

سرکاری خزانہ لوٹ لے جانے کے بعد انگریز حکومت بوکھلا اٹھی، انقلابیوں کی دھر پکڑ شروع ہوگئی۔ انقلابی گرفتار بھی ہوئے مگر اشفاق اللہ اپنی ترکیب سے بچ نکلے۔ گرفتاری سے بچنے کے لئے انھوں نے سادھو کا روپ اختیار کیا اس طرح بھیس بدل بدل کر گرفتاری سے بچتے رہے۔ پولس سرگرمی سے ان کی تلاش میں تھی۔ سادھو بن کر انھوں نے بابا مٹھری داس گھوسی کے آشرم میں پناہ لی اور پھر سادھوؤں کے گروہ میں شامل ہو کر نیپال پہنچ گئے۔

سوالات:-

(i) انگریز حکومت کیوں بوکھلا اٹھی؟

(ii) اشفاق اللہ نے سادھو بن کر کہاں پناہ لی؟

(iii) اشفاق اللہ نیپال کیسے پہنچے؟

(iv) مناسب عنوان لکھیے۔

☆☆☆

# MODEL ANSWER PAPER2013 - 2014

## URDU GENERAL

## Class X دسویں

TIME : 3 Hours M.M. 100

نوٹ:- سبھی سوالات کے جوابات لکھنا لازمی ہے۔

جواب صاف اور خوش خط ہوں۔

تمام سوالات کے سامنے نمبر درج ہیں

جواب1- صحیح جوابات چن کر لکھیے۔

| | | |
|---|---|---|
| (i) | انگریزی | 1 |
| (ii) | جوتے سے | 1 |
| (iii) | مصنف نے | 1 |
| (iv) | قرأت اور تجوید | 1 |
| (v) | پانچ سو سال | 1 |

جواب2- درج ذیل کی مناسب جوڑیاں ملائیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | اورنگ آباد | (iii) | 1 |
| (ii) | مقدس تال اور چتا کی راکھ | (iv) | 1 |
| (iii) | عبادت | (i) | 1 |
| (iv) | مشہور چینی سیاح | (ii) | 1 |
| (v) | واجد علی شاہ | (v) | 1 |

جواب3- درج ذیل مصرعے صحیح ہیں یا غلط ان کی نشاندہی کرکے صحیح یا غلط کا نشان لگائیے۔

| | | |
|---|---|---|
| (i) | (✓) | 1 |
| (ii) | (X) | 1 |
| (iii) | (X) | 1 |
| (iv) | (X) | 1 |
| (v) | (✓) | 1 |

سوال4- درج مصرعوں کو دیے گئے الفاظ سے پُر کیجیے۔

| | | |
|---|---|---|
| (i) | چاند | 1 |
| (ii) | گا | 1 |

(III) ضائع 1

(iv) اپنے 1

(v) پہچان 1

جواب5- ایک جملے میں جواب دیجیے۔

(i) ہندوستان میں عرب آٹھویں صدی میں آئے 1

(ii) ابتدا میں اردو زبان ہندی، ہندوی اور دہلوی کے نام سے جانی جاتی تھی 1

(III) اترپردیش کی راجدھانی کا نام لکھنؤ ہے۔ 1

(iv) اردو کو پھیلانے میں امیر خسرو نے افغانی، ایرانی اور عرب لوگوں نے حصہ لیا 1

(v) ہندوستان کا دارالسلطنت "نئی دلّی" ہے 1

جواب6- کیشو نے انڈوں کو چھو لیا تھا 2

یا

پورن مل آگرے کے سیٹھ سورج مل کا بیٹا تھا

جواب 7- مرزا غالب کا اخلاق نہایت وسیع تھا 2

یا

جوتے مرے ہوئے جانوروں کی کھال سے بنتے ہیں۔

جواب 8- ملا نصیر الدین ہر ایک کردار بخوبی کر لیتے تھے 2

یا

غازی الدین حیدر کو انگریزوں نے بادشاہ کا لقب دیا

جواب 9- مرچ کی رنگت اور تیزی سوکھنے کے بعد بھی باقی رہتی ہے۔اس کی خوشبو اور سرخ رنگت ہمیشہ ایک سی رہتی ہے۔
مرچ کے بیج گول۔گول ٹکیوں کی شکل کے ہوتے ہیں 4

یا

جوتا ذلیل شئے ہے یہ پیروں میں پہنا جاتا ہے۔ ہر وقت پاؤں سے کچلا اور روندا جاتا ہے۔ ہمیشہ راستے کی نجاستوں سے آلودہ رہتا ہے کسی کو ذلیل کرنا ہو تو جوتے کی مار ماری جاتی ہے۔

جواب 10- اجنتا اور ایلورا پہاڑوں میں بنے غاروں میں تصاویر اور مورتیاں ہیں۔ 2

جواب 11- ایلورا کے مندروں کی جان ان کی خوبصورت نقاشی اور سنگ تراشی ہے۔ 2

جواب 12- راشٹر کوٹ کے راجا کرشنا نے کیلاش مندر بنوایا تھا۔ 2

جواب13- 4

**منشی پریم چند کی سوانح حیات :**

پیدائش 1880ء۔ منشی پریم چند کا اصل نام دھنپت رائے تھا۔ 1910ء میں انھوں نے پریم چند نام اختیار کیا اور اسی نام سے مشہور ہوئے۔ کم عمری میں والدہ کا انتقال ہو گیا۔ پندرہ سال میں والد نے ان کی شادی کرادی۔ محکمہ تعلیم میں نوکری کرلی مگر حق بات کہنے کی وجہ سے انھیں نوکری چھوڑنا پڑی۔

انھوں نے ساڑھے تین سو افسانے لکھے۔ مختصر افسانے کو ایک معیار دیا۔ ان کے مجموعوں میں واردات، پریم پچیسی، پریم بتیسی، آخری تحفہ، نجات اور زادراہ قابلِ ذکر ہیں۔ قابلِ ذکر ناول گئو دان، چوگان ہستی اور بازارِ حسن ہیں۔ 1936ء میں ان کی وفات ہو گئی۔

**یا**

**خواجہ حسن نظامی کی سوانح حیات :**

ولادت 1878ء۔ خواجہ حسن نظامی دلی میں پیدا ہوئے کم عمری میں والد کا انتقال ہو گیا۔ مطالعے اور مضمون نویسی کا شوق بچپن ہی سے تھا۔ انشائیے، سفرنامے، روزنامچے، قلمی چہرے وغیرہ بھی شامل ہیں۔
ان کی نثر میں ادبیت، مجلسیت، روحانیت پائی جاتی ہے۔ سادگی اور لطیف طنز ان کی خصوصیت ہے۔ دلی کے روزمرہ کے محاوروں کا لطیف استعمال کرتے ہیں۔ 1955ء میں آپ کی وفات ہو گئی۔

جواب 14- اشعار کی تشریح (کوئی دو) 4

(i) ہستی اپنی.................................کی سی ہے۔

حوالہ: شاعر کا نام: میر تقی میر

عنوان کا نام: غزل

تشریح: طلبا اپنی صلاحیت سے تشریح کریں گے مناسب تشریح کرنے پر نمبرات کی تقسیم کے حساب سے دیئے جائیں گے۔

(ii) ماں کی ممتا.................................پاؤ گے۔

حوالہ: شاعر کا نام: ظفر صہبائی

عنوان کا نام: غزل

تشریح: طلبا اپنی صلاحیت سے تشریح کریں گے مناسب تشریح کرنے پر نمبرات کی تقسیم کے حساب سے دیئے جائیں گے۔

(iii) میں اس لیے بھی.................................لیتا ہے

حوالہ: شاعر کا نام: احمد کمال پروازی

عنوان کا نام: غزل

تشریح: طلبا اپنی صلاحیت سے تشریح کریں گے مناسب تشریح کرنے پر نمبرات کی تقسیم کے طریقے سے

دیے جائیں گے۔

جواب 15- شبنم کو آنسو کی مثال دی گئی ہے 2

یا

کام کو ادھورا اس لئے نہیں چھوڑنا چاہیئے کہ وہ پھر کبھی پورا نہیں ہوتا

جواب16- 2

یا

شاعر نے ماں کی ممتا کے متعلق کہا ہے کہ ماں کی ممتا ہمیشہ ایک سی رہتی ہے۔ اس کی محبت میں ہمیشہ بچپن واپس آجاتا ہے
کوئی ماں کی ممتا کو بھلا نہیں سکتا

جواب17- 2

تمہارے دل کو اگر میری کبھی ہوئی کوئی بات بُری لگی ہو تو اے میرے محبوب تم بھول جاؤ

یا

شاعر کو پھول کو پھول توڑے جانے پر یہ افسوس ہے کہ پھول کو توڑنے کے بعد اس کی خوشبو بھی نکالی جاتی ہے

جواب 18- بند پر مختصر سوالات کے جواب 4

(I) پرندے کو باغ کی بہار اور آزادی کے دن یاد آتے ہیں۔

(ii) نظم کا عنوان: پرندے کی فریاد
شاعر کا نام: ڈاکٹر اقبال

یا

(I) ایک وقت میں ایک ہی کام کرنا چاہیئے

(II) جس کام کو دل لگا کر کیا جائے وہ بہتری سے ہو سکتا ہے

جواب 19- نظم کی چار لائنیں 4

نظم "پرندے کی فریاد"

آتا ہے یاد مجھ کو گزرا ہوا زمانہ
وہ باغ کی بہاریں وہ سب کا چہچہانا
آزادیاں کہاں اب وہ اپنے گھونسلے کی
اپنی خوشی سے آنا اپنی خوشی سے جانا

جواب 20- 2

نیک آدمی کو دوست گلوں اور مکھن ہاؤس کے نام سے پکارتے تھے۔

یا

نیک آدمی نے کتاب کا نام "حساب امانت" رکھا تھا۔

جواب21- 2

اودھ کے زمانے میں یہاں چار بڑے بڑے باغات تھے اس لیے لکھنؤ اسٹیشن کا نام چار باغ رکھا گیا تھا

یا

1857 کی بغاوت واجد علی شاہ کے زمانے میں ہوئی۔

جواب 22- 2

| | | |
|---|---|---|
| (i) | عید کا چاند ہونا | بہت کم دکھنا |
| (ii) | لوہے کے چنے چبانا | مشکل کام |
| (iii) | لال پیلا ہونا | غصہ ہونا |
| (iv) | نو دو گیارہ ہونا | بھاگ جانا |

جملوں میں استعمال صلاحیت کے حساب سے کریں گے

جواب 23- 4

| مذکر | مؤنث (کوئی چار) |
|---|---|
| بھائی | بہن |
| والد | والدہ |
| چڑا | چڑیا |
| لڑکا | لڑکی |
| بلا | بلی |
| بکرا | بکری |

جواب24- تضاد 2

کلام میں ایسے الفاظ کا لانا جو ایک دوسرے کے مخالف ہوں تضاد کہلاتا ہے مثال مثال:

صبح ہوتی ہے شام ہوتی ہے     عمر یونہی تمام ہوتی ہے

یا

ہم معنی الفاظ: ایک ہی لفظ کے کئی مطلب نکلتے ہوں وہ ہم معنی الفاظ کہلاتے ہیں جیسے: درخت، شجر، پیڑ

جواب25- واحد اور جمع پہچانئے کوئی پانچ) 5

واحد..............کتاب، مکان، فکر، شجر

جمع..............مدارس، عورتیں، افلاک، اوراق

جواب26- درخواست 5

ابتدا (مخاطبہ) پر 1

موضوع پر 1

نفسِ مضمون — 2

اختتام — 1

خط -

پتہ و تاریخ — 1

القاب و آداب — 1

نفسِ مضمون — 2

اختتام — 1

جواب 27- مضامین میں نمبرات کی تقسیم اس طرح کی جائے گی — کل نمبرات 10

تمہید / تعارف — 2

ایجاد، وجوہات، کارگزاریاں — 2

نفسِ مضمون فوائد، نقصانات، مفید مشورے — 4

اختتام / خاتمہ — 2

جواب 28- (I) انگریز حکومت سرکاری خزانہ لوٹنے کی وجہ سے گھبرا اٹھی۔ — 1

(II) گرفتاری سے بچنے کے لئے اشفاق اللہ سادھو کا بھیس بدل کر رہے — 1

(III) بابا مٹھری داس گوری کے آشرم میں چھپ گئے۔ — 1

(IV) اشفاق اللہ نے بھیس بدل کر نیپال جانے کی تیاری کر لی اور چھپتے چھپاتے نیپال چلے گئے — 1

(V) عنوان: "مجاہدِ آزادی اشفاق اللہ خان"

☆☆☆